**S 2004**

# SSLC EXAMINATION, MARCH - 2025

## URDU

First Language - Paper I

Time : 1½ Hours | Total Score : 40

**പൊതു നിർദ്ദേശങ്ങൾ :**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ഈ സമയം ചോദ്യങ്ങൾ വായിക്കുന്നതിനും ഉത്തരങ്ങൾ ആസൂത്രണം ചെയ്യുന്നതിനും ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- 1 മുതൽ 4 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 5 മുതൽ 8 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 9 മുതൽ 15 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 16 മുതൽ 21 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- ഉത്തരം എഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

Score

3x1=3

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی 3 کا جواب لکھیے

1. مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر
دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر
بچو، اس شعر میں لفظ 'نان' سے کیا مراد ہے؟
(آن، جان، روٹی) — 1

2. 'کھجری کے سائے میں' کہانی آپ نے پڑھی ہے نا؟ اس کا اہم کردار کون ہے؟
(رحمت، لکشمی، امرتا دیوی) — 1

3. فضا ویران ہے گرمی کی شدت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں
شعر غور سے پڑھیے۔ اس میں شاعر کس کے بارے میں بیان کرتا ہے؟
(دہقان، فضا، گرمی) — 1

P.T.O.



https://www.keralaboard.com

Score

1

4. صحیح جملہ کون سا ہے؟ چن کر لکھیے۔

(a) میں آرام کررہا ہے۔

(b) میں آرام کر رہے ہو۔

(c) میں آرام کررہا ہوں۔

3x2=6

**5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔**

2

5. اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے 'مدر تریسا' کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

(a) لاکھ فوجیں لے کے آئیں امن کا دشمن کوئی
رُک نہیں سکتا ہماری ایکتا کے سامنے

(b) برستے بادلوں میں کھیتیاں جب لہلہاتی ہیں
تو ان کی آرزوئیں جھومتی ہیں مسکراتی ہیں

(c) وہ بھوک کی مسجد میں روٹی کی عبادت تھی
وہ درد کے گرجا میں انسان کی خدمت تھی

2

6. جملے غور سے پڑھیے۔ ان میں سے کابلی والا کہانی کا کردار 'منّی' سے متعلق مناسب دو جملے لکھیے۔

(a) منّی کابلی والے کا بہت بڑا دشمن تھا۔

(b) منّی کی عمر پانچ سال کی تھی۔

(c) منّی ہر روز کابلی والے سے بڑے مزے سے باتیں کرتی تھی۔

(d) منّی موٹے موٹے کپڑے کا ڈھیلا ڈھالا کرتا پہنتی تھی۔

https://www.keralaboard.com

Score

2

7. مناسب لفظ چن کر گروہ مکمل کیجیے۔

(ڈراما، افسانہ، نظم، مضمون)

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | ستاتی ہے مفلسی | نظیر اکبرآبادی | -------------- |
| b | نہ دھوپ سے پریشان | -------------- | عبدالحلیم شرر |

2

8. خانہ 'الف' کو 'ب' سے ملائیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| کاغذ کی کشتی | ندا فاضلی |
| سوا سیر گیہوں | سدرشن فاخر |
| ہل چلائیں | منشی پریم چند |
| غریبوں کا مسیحا | احسان داس |

5x3=15

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی 5 کے جواب مختصر لکھیے۔

3

9. دماغی اور جسمانی صحت قائم رکھنے میں یوگا کی بڑی اہمیت ہے۔
بچو، یوگا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

3

10. وہ معصوم چاہت کی تصویر اپنی
وہ خوابوں کھلونوں کی جاگیر اپنی
نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوب صورت تھی وہ زندگانی

نظم 'کاغذ کی کشتی' آپ نے پڑھی ہوگی۔
اس میں بچپن کے بارے میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

https://www.keralaboard.com

Score

3 **11.** ''آج کل لوگوں نے محنت کرنا چھوڑ دیا اور وہ دوسروں کی محنت کے محتاج بن گئے۔''
بچو، 'انڈا ہے یا دانہ' کے کردار بڑے میاں کے اس قول پر آپ کی رائے پیش کیجیے۔

3 **12.** اپنی آزادی کو ہم ہرگز مٹا سکتے نہیں
سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں
(a) اس شعر کا شاعر کون ہے؟
(b) شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

3 **13.** بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا
لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا
بچو، مدر تریسا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ شعر کی روشنی میں نوٹ لکھیے۔

3 **14.** سوا سیر گیہوں کہانی کے اہم کردار 'شنکر' کئی مسائل کا سامنا کر رہا ہے۔
بچو، آج کل کے کسان لوگ بھی کئی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ وہ کیا کیا ہیں؟
اشاروں کی مدد سے اپنے خیالات لکھیے۔
اشارے: (موسم کی تبدیلی، پانی کی قلت، اناج کی کم قیمت)

https://www.keralaboard.com

3 **15.** مکالے غور سے پڑھیے۔ مناسب کردار کا نام جوڑ کر لکھیے۔

(مچھیرا، امرتا دیوی، شنکر، دربان)

| | | |
|---|---|---|
| a | ''ایک بیل ہے وہ لے لیجیے۔ ایک جھونپڑی ہے، وہ لے لیجیے اور میرے پاس رکھا کیا ہے؟'' | ------------ |
| b | اے بھگوان! اب ہم کیا کریں؟ کہاں جائیں؟ انھیں پیڑ پودوں کی وجہ سے ہمارا یہ گاؤں زندہ ہے۔ | ------------ |
| c | ان داتا! وہ کوئی دوسرا نہیں۔ وہ آپ کے محل کا دربان ہے۔ | ------------ |



https://www.keralaboard.com

Score

4x4=16

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی 4 کے جواب تفصیل سے لکھیے۔

4

16. جنگل کی بربادی، آلودگی، غیر سائنسی شہر کاری وغیرہ انسان بنائی آفات ہیں۔ یہ ہماری فطرت کو بگاڑتی ہیں۔

بچو، فطرت کی حفاظت کے لیے ہم کیا کیا کر سکتے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

4

17. پوسٹر غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

تہنیتی جلسہ

(رام کمار آئی۔اے۔ایس کی کامیابی پر)

۵/ فروری ۲۰۲۵ء کو پانچ بجے

| | | |
|---|---|---|
| مقام | : | ٹاؤن ہال، کاسرکوڈ |
| صدارت | : | کمارن ما [redacted] |
| افتتاح | : | احمد جمال (ایم۔ایل۔اے) |
| تہنیتی خطبہ | : | پاروتی دیوی (پنچایت ممبر) |
| اظہارِ تشکر | : | جوزف (سکریٹری، لائبراری) |

تمام احباب سے شرکت کی درخواست ہے۔

(a) یہ پروگرام کب منعقد کرتا ہے؟

(b) پروگرام کا افتتاح کون کرتا ہے؟

(c) یہ پروگرام کیوں منعقد کیا جا رہا ہے؟

4

18. مختلف ریاستوں کے نظارے دیکھتے ہوئے اردن بابو اور نہال احمد دلّی پہنچے۔

بچو، آپ بھی سفر پسند کرتے ہیں نا؟ پسندیدہ سفر کے تجربات اپنے الفاظ میں لکھیے۔

اشارے: (تاریخ، مقام، تجربات، مناظر، ترتیب)



https://www.keralaboard.com

Score

4

19. 'عقل مند مچھیرا' ڈراما آپ نے پڑھا ہے نا؟

آج کل محنت مزدور لوگ استحصال کا شکار بن جاتے ہیں۔

(a) اس ڈرامے کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

(b) پسندیدہ کردار پر نوٹ تیار کیجیے۔

4

20. بیس سال کے بعد اپنے گاؤں کی بدلی ہوئی حالت دیکھ کر ظفر علی مایوس ہو کر گھر پہنچا۔

ظفر علی کو دیکھ کر اس کی بیوی پوچھنے لگی۔

بیوی : ارے میاں، آپ کا سفر کیسا تھا؟

ظفر علی : ----------------

بچو، ظفر علی اور اس کی بیوی کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

4

21. بچو، اشاروں کی مدد سے شکیل بدایونی کا سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| نام | : | شکیل بدایونی |
| اصل نام | : | شکیل احمد |
| پیدائش | : | ۳/ اگست ۱۹۱۶ء کو بدایون میں |
| شہرت | : | فلمی نغمہ نگار اور شاعر |
| مشہور فلمیں | : | درد، مدر انڈیا، دلاری، مغل اعظم، گنگا جمنا، چودھویں کا چاند وغیرہ |
| انتقال | : | ۲۰/ اپریل ۱۹۷۰ء کو ممبئی میں |

- o 0 o -

https://www.keralaboard.com